ترکی میں بسنے والے شامی بچوں کی تعلیم کے لیے ترکی اور یورپی یونین کے درمیان ایک پروٹوکول پر دستخط کر دیئے گئے ہیں ۔

ترکی میں بسنے والے شامی بچوں کی تعلیم کے لیے ترکی اور یورپی یونین کے درمیان ایک پروٹوکول پر دستخط کر دیئے گئے ہیں ۔

یورپی یونین اس منصوبے کے لیے 300 میلین یورو کی امداد فراہم کرئے گی ۔اس منصوبے کیساتھ ترکی میں موجود شامی بچوں کی ترک تعلیمی سسٹم کیساتھ ہم آہنگی پیدا کی جائے گی ۔ وزارت تعلیم کیطرف سے تیار منصوبے کے تحت تین لاکھ شامی بچوں کو ترکی زبان ، 40 ہزار کو عربی زبان میں، 10 ہزار بچوں کو اصلاحی تعلیم جبکہ 20 ہزار کو سپورٹنگ تعلیم دی جائے گی ۔ 50 ہزار بچوں کو ٹرانسپورٹ سروس مہیا کی جائے گی ۔ اس منصوبے کو دس سال میں پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا ۔